(This question paper contains 3 printed pages)

Roll No.

Sl. No of Question Paper: 5247

Unique Paper Code: 214151

Name of the Paper: Modern and Medieval Poetry

E

Name of the Course: B. A. (Prog.) Urdu Discipline

Semester: I

Duration : 3 Hrs.

Maximum Marks : 75

نوٹ: صرف پانچ سوال حل کیجیے۔ پہلا اور دوسرا سوال لازمی ہے۔ نمبر مساوی ہیں۔

1۔ ذیل کے اقتباسات میں سے ایک کی تشریح سیاق وسباق کے ساتھ کیجیے

(الف)

گلوں میں رنگ بھرے، بادلو بہار چلے
چلے بھی آؤ کہ گلشن کا کاروبار چلے

قفس اداس ہے یارو! صبا سے کچھ تو کہو
کہیں تو بہر خدا آج ذکر یار چلے

بڑا ہے درد کا رشتہ، یہ دل غریب سہی
تمہارے نام پہ آئیں گے، غم گسار چلے

جو ہم پہ گزری سو گزری مگر شب ہجراں
ہمارے اشک تری عاقبت سنوار چلے

حضور یار ہوئی دفتر جنوں کی طلب
گرہ میں لے کے گریباں کا تار تار چلے

(ب)

غضب کیا، ترے وعدے پہ اعتبار کیا تمام رات قیامت کا انتظار کیا
کسی طرح جو نہ اس بت نے اعتبار کیا مری وفا نے مجھے خوب شرمسار کیا

P.T.O

تڑپ پھر اے دلِ ناداں! کہ غیر کہتے ہیں　　اخیر کچھ نہ بنی، صبر اختیار کیا

ہوا ہے کوئی مگر اس کا چاہنے والا　　کہ آسماں نے ترا شیوہ اختیار کیا

فسانۂ شبِ غم ان کو اک کہانی تھی　　کچھ اعتبار کیا، کچھ نہ اعتبار کیا

2۔ ذیل کے اشعار میں سے پانچ کی تشریح مع سیاق وسباق کیجئے۔

شغل بہتر ہے عشق بازی کا
کیا حقیقی و کیا مجازی کا

ہر زباں پر ہے مثلِ شانہ مدام
ذکر تجھ زلف کی درازی کا

تھا مستعار حسن سے اس کے جو نور تھا
خورشید میں بھی اس کا ہی ذرّہ ظہور تھا

دہر میں نقشِ وفا، وجہ تسلّی نہ ہوا
ہے یہ وہ لفظ، کہ شرمندۂ معنی نہ ہوا

میں نے چاہا تھا، کہ اندوہ وفا سے چھوٹوں
وہ ستم گر میرے مرنے پہ بھی راضی نہ ہُوا

مگر اس کو نرگس ستانہ آتا ہے
الٹتی ہیں صفیں گردش میں جب پیمانہ آتا ہے

خوشی سے اپنی رسوائی گوارا ہو نہیں سکتی
گریباں پھاڑتا ہے، تنگ جب دیوانہ آتا ہے

نگہ کی برچھیاں جو سہ سکے سینا اسی کا ہے
ہمارا آپ کا جینا نہیں، جینا اسی کا ہے

یہ بزم مے ہے، یاں کو تاہ دستی میں ہے محرومی
جو بڑھ کر خود اٹھالے ہاتھ میں، مینا اسی کا ہے

P.T.O

3۔ ذیل میں سے تین کی تعریف مثالوں کے ساتھ لکھئے۔

استعارہ ، مجازِ مرسل ، وجہ شبہ ، کنایہ ، تشبیہہ

4۔ غالب کی شاعرانہ عظمت پر روشنی ڈالیے۔

5۔ خواجہ میر درد کی صوفیانہ شاعری پر تبصرہ کیجئے۔

6۔ میر تقی میر کی شاعری کا جائزہ لیجیے۔

7۔ فراق گورکھپوری کی غزل گوئی پر ایک نوٹ لکھئے۔

8۔ مومن کی غزل گوئی پر اظہارِ خیال کیجئے۔

9۔ فیض احمد فیض کی غزل گوئی کا جائزہ لیجیے۔